© rasailojaraid.com



ساغر اقبالی

# زبان میری ہے بات اُن کی

— حکومت کے ارادے نیک اور نیت ٹھیک ہے۔ (عبدالستار لالیکا)

لوٹ مار، چھین ہمارا مشن ہے۔

— والدین بچوں کو رضاکارانہ طور پر اہم شخصیات کے استقبال کے لئے بھیجتے ہیں۔ (میئر بلدیہ لاہور)

سفید جھوٹ! کیا اے سی، ڈی سی، کمشنر، وزراء اور آپ کی بچیاں، بچے بھی سڑک کے کنارے اسی طرح گھنٹوں کھڑے رہتے ہیں؟

— خدا کا شکر ہے حکمت یار کو اقتدار نہیں ملا۔ (اعظم ہوتی)

ورنہ امریکہ بہادر حکومت پاکستان سے ناراض ہو جاتا۔

— اپوزیشن جماعتوں میں سے کسی کو بھی ملک سے محبت نہیں ہے۔ (سردار آصف احمد علی)

سردار آصف علی — تیری رہے ہری بھری!

— ان نیک کاموں سے دور رہتا ہوں جو جلد بوڑھا کر دیتے ہیں۔ (پیر پگاڑا)

تیرا ہے شمار — بکار ثواب!

— عطا محمد قریشی اپنے پارلیمانی قائد حامد سعید کاظمی پہ برس پڑے "میں کسی قبر کا مجاور نہیں ہوں"۔ (عطا محمد قریشی)

قوموں کے مقدر کے بنے پھرتے ہیں با در
شہروں کے مچھندر ہوں کہ قبروں کے مجاور

— اسلامی جمہوریہ افغانستان۔ کابل کا بازار حسن بند کر دیا گیا۔ (ایک خبر)

بے بنیاد لوگوں کی شہ رگ پر ایک ضرب کاری!

— ناراض طالب علم نے امتحان میں فیل کرنے والے استاد کو گولی مار کر ہلاک کر دیا۔ (ایک خبر)

ہماری تعلیمی پالیسی — کلاشنکوف دی سی آر

— سرخ سیلاب آنے والا ہے۔ (اجمل خٹک)

اب تک بیسے پورے نہیں ہوئے؟

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



—— ریڈر نے خاتون اسسٹنٹ کمشنر کے ماتحت کام کرنے سے انکار کر دیا۔ میرا ضمیر اور اسلامی شریعت مجھے کسی عورت کے حکم کی تعمیل کی اجازت نہیں دیتی۔ (ریجوڈیشنل ریڈر، اعجاز احمد)

زندہ باد اعجاز صاحب! "الرّجال قوّامون على النّساء"

—— شٹ اپ! یو ڈنکی، یو ڈاگ" عرب پارلیمانی اجلاس میں عراقی مندوب کی کویتی نمائندے کو گالیاں!

(ایک خبر)

آج کل کے مہذب جانوروں کی باتیں!

—— کابل میں بدمعاشوں کی حکومت ہے، آٹھ موٹے مُلّاؤں کے بوجھ سے تخت ہی ٹوٹ جائے گا۔ (ولی خان باچا خان کے مزار کی خبر ——!

—— ترکی جیسا اسلام ہونا چاہیئے جہاں عورتیں سکرٹ پہنتی ہیں اور ملک بھی ترقی کر رہا ہے (صنعت کار نسیم سہگل)

ہے خانے میں "پیشاب" پیو اور مسجد میں بھی چندہ دو خوش رہے شیطان بھی، اللہ بھی ناراض نہ ہو۔


# تحریک تحفظ ختم نبوت کی اہم پیشکش

• عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ اور رد مرزائیت کے سلسلہ کی اہم کتابیں • جن کی اشاعت سے قادیانی ایوان لرز اٹھے
• کفر و ارتداد اور بے دینی کے اس معاشرے میں ان کا مطالعہ ہر مسلمان کے لئے ضروری ہے۔

• مسئلہ ختم نبوت علم و عقل کی روشنی میں (مولانا مفتی محمد سعید الرحمن سندھیلوی) ۱۸/ روپے • قادیان سے اسرائیل تک جناب ابو مدثرہ ۴۰/ روپے
• قادیانیوں کو دعوت حق (مولانا محمد عبداللہ) ۲۵/ روپے • تائید آسمانی در رد نشان آسمانی مولانا محمد جعفر تھانیسری ۵/ روپے
• اسلام اور مرزائیت (تقابلی مطالعہ) مولانا محمد عبداللہ ۱۲/ روپے • رد قادیانیت پر دس کتابچے ۱۰/ روپے

خصوصی رعایت
• کوئی ایک کتاب منگوانے پر ۲۰٪ رعایت • مکمل سیٹ منگوانے پر ۳۳٪ رعایت اور • ۱۰۰۰/ روپے کی کتب منگوانے پر ۴۰٪ رعایت اور ماہنامہ نقیب ختم نبوت ایک سال کے لئے مفت جاری کیا جائے گا۔

نوٹ: رقم پیشگی ارسال کریں، کتاب رجسٹرڈ ڈاک سے ارسال کی جائے گی، ڈاک خرچ بذمہ ادارہ ہو گا۔

تحریک تحفظ ختم نبوّت (شعبہ تبلیغ) مجلس احرار اسلام پاکستان
دار بنی ہاشم مہربان کالونی ملتان، فون ۷۲۸۱۳


© rasailojaraid.com